10/01/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں بلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*........ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کو مضبوط اور ترقی یافتہ بنانے میں نوجوانوں کے کلیدی رول کو کیا اُجا گر ۔

*........ نئی دلی میں وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ 2026شروع ۔

*........ چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں عملائے جا رہے نیشنل آیوش مشن کی پیشرفت کا لیا جائزہ۔

اور

*........ ہندی کا عالمی دن آج// ہندی زبان کو فروغ دینے کی اہمیت اُجاگر۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کے نوجوان ملک کو مضبوط اور ترقی یافتہ بنانے میں کلیدی رول ادا کر رہے ہیں۔ آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ وہ وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ میں ملک کے نوجوانوں کے ساتھ استفسار کرنے کے متمنی ہیں۔

انہوننے کہاکہ نوجوان پورے جوش اور جذبے کے ساتھ ملک کی خوشحالی اور ترقی کو یقینی بنانے کیلئے پر عزم ہیں۔ وزیر اعظم نئی دلی میں سوامی وویکا نندا کے جنم دن کے موقعے پر 12جنوری کو وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ2026 کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔

ینگ لیڈرس ڈائیلاگ

دریں اثنا امور نوجوان اور کھیل کود کے مرکزی وزیر منسکھ منڈاویا نے نئی دلی میں وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ 2026 کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے قوم کی تعمیر میں نوجوانوں کے بے مثال رول کو اجا گر کیا ۔

اس موقعے پر قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈووال نے نوجوانوں پر زور دیاکہ وہ اپنے اندر فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کو فروغ دیں ، تاکہ وہ بھار ت کا مستقبل سنوارنے کیلئے لیڈر کی حیثیت سے ابھرکر سامنے آئیں۔

اس میں جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے53نوجوانوں کا ایک دستہ بھی شرکت کر رہا ہے۔

ڈائیلاگ

ینگ لیڈرس ڈائیلا گ میں مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے کئی نوجوانوں نے آکاشوانی نیوز کےساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہا رکیا۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے آج ادھمپور ضلعے کے پنچاری تحصیل کا دورہ کرکے وہاں ایک تقریب کے دوران چھٹے Iskoi India کراٹے چمپئن شپ2025جیتنے والے کھلاڑیوں کی عزت افزائی کی۔ بعد میں وزیر موصوفہ نے علاقے کے عوامی نمائندوں کے ساتھ بات کی اور انکے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میننیشنل آیوش مشن کی پیشرفت کا جائزہ لیا ۔ اس موقعے پر انہیں بتایا گیا کہ جموں کشمیر میں سبھی523 آیوشمان آروگیہ مندر کام کر رہے ہیں اور لوگوں کو صحت سے متعلق معیاری خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے مختلف اضلاع میں انٹیگرٹیڈ آیوش اسپتالوں پر ہو رہے کام کی پیشرفت کے بارے میں بھی جانکاری حاصل کی ۔

ہندی دن

آج ہندی کا عالمی دن منایاجا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال ہندی زبان کو عالمی سطح پر فروغ دینے کیلئے منایاجاتا ہے۔ آج ہی کے دن 2006میں ناگپور میں پہلی ورلڈ ہندی کانفرنس بھی منعقد ہوئی تھی۔اس تعلق سے وزارت خارجہ کی طرف سے نئی دلی میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ جس دوران خارجی امور کے مرکزی وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے ثقافتوں کو زندہ رکھنے میں ہندی کی اہمیت کو اجاگر کیا ۔اس موقعے پر وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام بھی پڑھ کر سُنایا گیا۔

ہندی ڈے کے سلسلے میں جموں کشمیر میں بھی متعدد تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ ہندی ڈے کی اہمیت کے بارے میں ہندی زبان کے ماہر اور آکاشوانی سرینگر کے سینئر پروگرام ایگزیکٹو ڈاکٹر ستیش وِمل نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

سیاحت

سیاحتی سیکٹر کو جموں کشمیر کے اقتصادی منظر نامے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے ۔محکمہ سیاحت زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے وسیع پیمانے کی تشہیری مہم چلانے کے ساتھ ساتھ جگہ جگہ پر روڈ شوز کا بھی انعقاد کر رہا ہے۔ اس تعلق سے محکمہ سیاحت کشمیر کے ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

ادھر ان دنوں کافی تعداد میں سیاح وادی کا رُخ کرکے یہاں کے سرد موسم سے لطف اندوز ہو رہے ہیں خاص طور سے گلمرگ، سونہ مرگ اور پہلگام میں سیاحوں کی بھیڑ دیکھنے کو مل رہی ہےکئی سیاحوں نے اپنے تجربات کا یوں اظہا رکیا۔

فراش-1

جموں وکشمیر کے ایک معروف گلو کار مرحوم عبدالرشید فراش کو انکی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں خراج عقیدت ادا کرنے کیلئے آج ٹائیگور ہال سرینگر میں جموں اینڈ کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز اور نیشنل سوسائٹی فار ہیومن ویلفیئر کے اشتراک سے” موسیقی پر مبنی خراج“ پیش کیا گیا۔تقریب کے دوران اُبھرتے گلو کاروں نے موسیقی کے ذریعے مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا۔

تقریب پر اکیڈمی کے ایڈیشنل سیکریٹری عدیل سلیم، معروف شاعر اور ادا کار بشیر دادا،آکاشوانی سرینگر کے پروگرام سربراہ غلام رسول آخون اور سابق پروگرام سربراہ سید ہمایوں قیصر کے علاوہ معروف گلو کار ، براڈ کاسٹر اور آر ٹ اور ثقافت سے جڑی کئی دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ تقریب کے بعد کئی شخصیات نے عبدالرشید فراش کو الگ الگ انداز سے خراج عقیدت پیش کیا۔ یہ ہیں انکی دختر انیقہ فراش کے تاثرات۔

فراش-2

آکاشوانی سرینگر کے سابق ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل بشیر عارف کے الفاظ ۔

معروف گلوکار اسد انجم نے ان الفاظ میں مرحوم کو یاد کیا۔

یہ ہیں کشمیر یونیورسٹی میں قائم

Educational Multi Media Research Centre

کے پرڈیوسر ڈاکٹر طارق عبداللہ کے الفاظ۔

جن فنکاروں نے تقریب میں موسیقی کے ذریعے اپنا خراج عقیدت پیش کیا اُن میں عاقب اسد، عابد علی، بلال احمد جان، میرداؤود، شکیل احمد میر، محسن دلشاد، نذیر احمد وانی اور اقبال حسین شامل ہیں۔ نظامت کے فرائض معروف براڈ کاسٹر رشید نظامی نے انجام دیئے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

بڈگام

ضلع انتظامیہ بڈگام نے پریس انفارمیشن بیورو سرینگر اور محکمہ اطلاعات کے اشتراک سے ضلع کے میڈیا افراد کیلئے آج ایک میڈیا ورکشاپ (وار تلاپ) کا انعقاد کیا۔ڈپٹی کمشنر بڈگام بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں منعقدہ اس ورکشاپ کے دوران صحافیوں کو وکست بھارت -گارنٹی فار روز گار اینڈ آجیوکا مشن گرامین ایکٹ 2025کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایاگیا۔ترقیاتی کمشنر نے کہا کہ میڈیا پالیسوں کے اصلاحات کے تعلق سے سود مند جانکاری عام لوگوں تک پہنچانے میں کلیدی رول ادا کرتاہے۔

سرینگرکے ڈائریکٹر قاضی سلمان ، چیف پلاننگ آفیسر بڈگام جاوید احمدنجار اور کئی PIB تقریب پر دیگر افراد بھی موجود تھے۔بعد میں ہمارے بڈگام کے نمائندے شوکت شاہ کے ساتھ بات کرتے ہوئے سرینگر کے ڈائریکٹر قاضی سلمان نے کہا۔PIB

جی رام جی

خبر جی رام جی سکیم سے متعلق

حال ہی میں متعارف کئے گئے قانون ” وکست بھارت ۔ روزگار گارنٹی اور آجیوکا مشن گرامین“ کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا ہے ۔

ریاسی سے تعلق رکھنے والے موہن لال بالی نے اس ضمن میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

یہ ہینراجوری سے تعلق رکھنے والے کوشل شرما کے تاثرات۔

دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست بھارت جی رام جی ایکٹ کو وزیر اعظم کی گتی شکتی پہل سے جوڑا گیا ہے، تاکہ اسے مزید موثر بنایا جا سکے۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ شب معراج کی تقریب کے موقعے پر وادی کے تمام زیارت گاہوں اور خانقاہوں میں زائرین کیلئے ہر طرح کی سہولیات بہم رکھیں۔

دریں اثنا پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میرتزال حلقے کے کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کی پارٹی ہمیشہ جمہوریت اور سیکولر اقدار کی پاسداری کرتی آر ہی ہے۔ انہوننے کارکنوں پر زور دیاکہ وہ زمینی سطح پر لوگوں کے ساتھ رابطہ کرکے ان کی راحت رسانی کریں ۔

ست شرما

بی جے پی جموںو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے پارٹی کے دیگر لیڈروں کے ہمراہ آج جموں میں بی جے پی کی طرف سے تیار کیا گیاسال2026 کا کلینڈر جا ری کیا۔ ست شرما نے اس موقعے پر کہا کہ کلینڈر میں اہم قومی دنوں اور شخصیات کے رول کی عکاسی کی گئی ہے۔

دریں اثناءست شرما نے آج کئی دیگر لیڈروں کے ہمراہ بخشی نگر جموں میں شیو مندر میں حاضری دی۔ اس موقعے پر انہوننے جموںو کشمیر میں امن و امان ،ترقی اور خوشحالی کےلئے دعا کی۔

اشوک کول

بی جے پی جموںو کشمیر کے جنر ل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج سرینگر میں ایس ٹی مورچہ کے زعماؤں نیز ضلع صدور کے ساتھ الگ الگ میٹنگوں کے دوران  Minority مورچہ اور تنظیمی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر سیاسی اور سماجی سطح پر در پیش چلینجوں کا مقابلہ کرنے سے متعلق پہلوؤں پر بھی بات چیت کی گئی۔ میٹنگوں میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری انور خان اور دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

مہوترا

جموںو کشمیر بی جے پی کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے آج پارٹی کے کئی دیگر لیڈروں کی نامی فلم کے بینر کو جا ر ی کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے سماج پر The last Dose موجودگی میں منشیات کے برے اثرات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ بدعت کنبوں کے سماجی واقتصادی تانے بانے کو برباد کر دیتا ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموںو کشمیر نے رکھ سوتھو بڈگام حلقے کے پٹواری ریاض احمد خان کو10ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہا تھوں گرفتار کیا ہے۔

میڈل

میں جاری کھیلو انڈیا بیچ گیمز 2026 کے Diu الٰہی باغ سرینگر سے تعلق رکھنے والے شاہد ہلال نے کی 60-65 کلو گرام کیٹگری میں سونے کا تمغہ جیت لیا ہے۔ Pencak Silat دوسرے شمارے میں

**تعزیت**

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے ڈائریکٹر محمداشرف گنائی اور سکمز کی فیکلٹی نے پروفیسر ڈاکٹر فرحت حمید کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کر تے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے۔

**شاہین**

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے پارٹی کے سٹیٹ سیکریٹری مدثر رحمان کو پارٹی کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنے کی پاداش میں جنتا دل یونائیٹڈ کی بنیادی ممبر شپ سے فوری طور خارج کر دیا ہے۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24 گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 10 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 5 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 15 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح 7 بجکر 35 منٹ اور

غروب آفتاب شام 5 بجکر 41 منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ

.........................................

.........................

........